# 14-11-2024  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاست میں کانگریس حکومت کی ایک سال کی تکمیل کے سلسلہ میں چیف منسٹر ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے ایل بی اسٹیڈیم میں پرجا وجئے اتسوالو کا افتتاح کیا۔

۲۔ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے دواساز کمپنیوں کے کلسٹرس کو توسیع دینے کے حکومت کے فیصلہ کی مخالفت کو احمقانہ قرار دیا ہے۔

۳۔ بھارت راشٹرا سمیتی کے کارگذار صدر کے ٹی راماراؤ نے چیف منسٹر ریونت ریڈی کو چیالنج کیا ہے کہ وہ انہیں گرفتار کریں۔

اور

۴۔ملازمین،عوامی شکایات اور وظیفوں کے مملکتی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ سیکھنے کے قومی ہفتہ کرمایوگی سپتا کے حیرت انگیز نتائج برآمد ہوئے ہیں۔

☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راماراؤ کی گرفتاری کے بارے میں قیاس آرائیاں جاری ہیں کیونکہ پولیس نے لاگاچرلہ واقعہ کے سلسلہ میں سابق رکن اسمبلی پٹنم نریندر ریڈی کی ریمانڈ رپورٹ میں ان کا نام لیا ہے۔نریندر ریڈی کو کل گرفتار کر کے عدالتی تحویل میں بھیج دیا گیا۔کل سے ہی بی آر ایس کے کارکنوں کی ایک کثیر تعداد حیدرآباد میں بی آر ایس کے ہیڈ کوارٹر تلنگانہ بھون کے باہر جمع ہورہی ہے۔کل رات پارٹی کے قائدین اور کارکن جن میں خواتین بھی شامل تھیں کے ٹی آر کے مکان کے باہر موجود تھے اور انہوں نے ان کی تائید میں نعرے لگائے۔آج صبح جب کے ٹی آر پارٹی قائدین کے ساتھ اجلاس کے لئے تلنگانہ بھون پہنچے تو وہاں پارٹی کارکنوں کی ایک کثیر تعداد جمع ہوگئی۔تلنگانہ بھون کے باہر پولیس عملہ کو متعین کیا گیا ہے۔

☆☆☆

بھارت راشٹرا سمیتی کے کارگذار صدر کے ٹی راماراؤ نے چیف منسٹر ریونت ریڈی کو چیالنج کیا ہے کہ وہ انہیں گرفتار کریں۔راماراؤ نے دعویٰ کیا کہ وہ ان لوگوں کی تائید کررہے ہیں جن کی کوئی آواز نہیں ہے۔انہوں نے کوڑنگل میں مجوزہ فارما سٹی کے خلاف احتجاج کرنے والے کسانوں کی گرفتاری کی مذمت کی۔کے ٹی آر نے کہا کہ وہ ایسے افراد کی آواز اٹھانے پر گرفتار کئے جانے کے لئے تیار ہیں۔انہوں نے کہا کہ وہ اپنا سر فخر سے بلند کرتے ہوئے جیل میں جائیں گے۔انہوں نے چیف پر الزام لگایا کہ وہ وقارآباد کے تشدد کے معاملہ میں انہیں پھنسانے کی کوشش کررہے ہیں۔کے ٹی آر نے تلنگانہ میں کانگریس کے برسر اقتدار آنے کے بعد سے پیش آئے واقعات کی تفصیل بیان کرتے ہوئے کہا کہ یہ تمام واقعات سازشیں تھیں۔

☆☆☆☆

ملازمین،عوامی شکایات اور وظیفوں کے مملکتی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ سیکھنے کے قومی ہفتہ کرمایوگی سپتا کے حیرت انگیز نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں کرمایوگی اپنی صلاحیتوں اور مسلسل سیکھنے کے جذبہ کا اظہار کرتے ہوئے یکجا ہوئے۔دہلی میں آج کرمایوگی سپتا کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیکھنے کے قومی ہفتہ کی تجویز وزیراعظم نریندر مودی نے پیش کی۔انہوں نے کہا کہ سیکھنے کا عمل جاری رہنا چاہئے۔کیپاسٹی بلڈنگ کمیشن کے چیرمین عادل زین ال بھائی نے کہا کہ ویبنار،ورکشاپ اور آئی گاٹ پلیٹ فارم پر مختلف سرگرمیوں کے ذریعہ ہنرمندوں نے زندگی بھر سیکھنے کا عہد کیا۔19 اکتوبر سے 27 اکتوبر تک ایک ہفتہ کے لئے ملک کا سرکاری ورک فورس سیکھنے کے اس غیر معمولی سفر میں جمع ہوا۔

☆☆☆

43واں انڈیا انٹرنیشنل ٹریڈ فیر آج دہلی کے بھارت منڈپم میں شروع ہوا۔ مرکزی وزیر کامرس وصنعت پیوش گوئل نے اس 14 روزہ میلہ کا افتتاح کیا۔ اس سال کے میلہ کا موضوع ہے 2047ء میں وکست بھارت۔ اس سال فوکس اسٹیٹ جھارکھنڈ ہے جبکہ بہار اور اتر پردیش پاٹنر اسٹیٹس ہیں۔ میلہ کے پہلے پانچ دن تجارتی لین دین کے لئے ہوں گے۔ پیوش گوئل نے ہر دو سال میں ایک مرتبہ تجارتی میلہ کے انعقاد کی ضرورت پر زور دیا۔ اس میلہ کے دوران مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی نے کوئلہ کی وزارت کے پویلین کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اس سال پویلین کا موضوع منرلس ٹو مائل اسٹون ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ گروپ III امتحانات اس مہینہ کی 17 تاریخ کو ریاست بھر میں شروع ہوں گے۔ جملہ ایک ہزار چار سو ایک امتحانی مراکز پر تقریباً 5 لاکھ 36 ہزار طلبہ امتحان میں شرکت کریں گے۔ سرکاری شیڈول کے مطابق یہ امتحان صبح اور دو پہر دو سیشن میں ہوگا۔ دوسرے دن امتحان صرف صبح کے سیشن میں ہوگا۔ چیف سکریٹری شانتی کماری نے کل ضلع کے عہدیداروں اور پولیس عہدیداروں کے ساتھ ایک ویڈیو کانفرنس میں گروپ III امتحانات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ امتحانات کے بلا رکاوٹ انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے تلنگانہ پبلک سروس کمیشن نے وسیع تر انتظامات کئے ہیں۔ انہوں نے ضلع کلکٹروں کو ہدایت دی کہ وہ گروپ I حالیہ امتحان کی کامیابی کو دہراتے ہوئے گروپ III کے امتحان کی کامیابی کو یقینی بنائیں۔

☆☆☆

محبوب نگر کی بی جے پی ایم پی ڈی کے ارونا نے کوڑنگل پولیس کے رویہ پر اپنی ناراضگی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ وہ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا سے مقامی پولیس اور ضلعی انتظامیہ کی شکایت کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ مقامی پولیس اور ضلعی انتظامیہ نے انہیں وقار آباد ضلع کے لاگا چرلہ گاؤں کا دورہ کرنے سے روک دیا۔ اس گاؤں میں پیر کو مجوزہ فارما ویلیج کے لئے عوامی سماعت کے دوران گاؤں والوں نے عہدیداروں پر حملہ کردیا تھا۔ حیدرآباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ارونا نے کہا کہ انہیں لاگا چرلہ کے عوام سے ملاقات سے روکنا ان کے حقوق کی خلاف ورزی ہے۔

☆☆☆

پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے کہا ہے کہ وقار آباد ضلع کلکٹر اور دیگر عہدیداروں پر حملہ کے لئے بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ کو سزا ملنی چاہئے۔ آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے الزام لگایا کہ راما راؤ نے بی آر ایس کے سابق ایم ایل اے نریندر ریڈی کو فون کیا تھا جس کے بعد انہوں نے لگا چرلہ کے گاؤں کے عوام کو عہدیداروں پر حملہ کے لئے اکسایا۔ مہیش گوڑ نے الزام لگایا کہ اس واقعہ میں کے ٹی آر نمبر ایک ملزم ہیں۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ اس حملہ میں ملوث کسی بھی شخص کو نہ بخشیں۔ انہوں نے کہا کہ کے ٹی آر معصوم عوام کو اکسا کر حکومت کے ترقیاتی کاموں میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کررہے ہیں۔

☆☆☆

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے دواساز کمپنیوں کے کلسٹرس کو توسیع دینے کے حکومت کے فیصلہ کی مخالفت کو احمقانہ قرار دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس انتقامی سیاست کے خلاف ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ بی آر ایس کانگریس حکومت کو گرانے کے لئے مایوسانہ کوششیں کررہی ہیں۔ وہ آج گاندھی بھون میں سابق وزیر اعظم جواہر لال نہرو کے یوم پیدائش کی تقاریب سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے وضاحت کی کہ فلاحی اسکیموں کو وسعت دینے کے لئے گھر گھر سروے کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی نے ذات پات پر مبنی مردم شماری کرانے کا وعدہ کیا تھا اور وہ اب اپنے وعدہ پر عمل کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سروے سے ریاست کی ترقی میں کافی مدد ملے گی اور تلنگانہ پورے ملک کے لئے ایک مثالی ریاست بن جائے گی۔جواہر لال نہرو کے بارے میں ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ انہوں نے مادرِ وطن کے لئے 10 سال سے زیادہ کا عرصہ جیل میں کاٹا۔

☆☆☆

ریاست میں کانگریس حکومت کی ایک سال کی تکمیل کے سلسلہ میں چیف منسٹر ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے ایل بی اسٹیڈیم میں پرجاوجئے اتسوالو کا افتتاح کیا۔ملک کے اولین وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کی یوم پیدائش کے موقع پر منعقدہ ہونے والے اس پروگرام میں 14 ہزار سے زیادہ اسکولی بچے شرکت کررہے ہیں۔26 روزہ تقاریب کا اختتام 9 دسمبر کو ہوگا۔اس سے قبل چیف منسٹر نے ایس سی ای آر ٹی آفس میں اسکولی طلبہ کی جانب سے منعقدہ ماڈل اسمبلی اور کلچرل پروگرام میں شرکت کی۔اس موقع پر گزشتہ ایک سال کے دوران تعلیم کے شعبہ میں آئی اہم تبدیلیوں پر ایک آڈیو ویژول پریزنٹیشن دیا گیا۔چیف منسٹر نے اس موقع پر آنگن واڑی طلبہ کے لئے خصوصی یونیفارم اور درسی کتب کی رسم اجرا انجام دی۔

☆☆☆

آندھرا پردیش میں تلگودیشم پارٹی کے ایم ایل اے کے رگھوراما کرشنا راجو کو اسمبلی کا ڈپٹی اسپیکر منتخب کرلیا گیا ہے۔اتفاقِ رائے سے ان کا انتخاب عمل میں آیا۔اس عہدہ کے لئے ایک ہی نامزدگی موصول ہوئی تھی۔اسپیکر آئینا پاترو ڈو نے راجو کے بلا مقابلہ انتخاب کا اعلان کیا۔نیشنل ڈیموکریٹک الائنس حکومت کی قیادت کرنے والی تلگودیشم پارٹی کو اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر دونوں کے دونوں عہدے حاصل ہوئے ہیں۔